**15-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---

Music

---

☆ لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے چناؤ مہم جاری ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ملک بھرمیں روڈ شو اور ریلیاں کر رہے ہیں۔

☆ مرکز نے شہریت ترمیم قوانین 2024 کے تحت 14 درخواست دہندگان کو شہریت سے متعلق سرٹیفکیٹس کا پہلا سیٹ جاری کیا۔

☆ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام قانون کے تحت جھارکھنڈ کے وزیر عالمگیر عالم کو گرفتار کیا۔

☆ بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے کل سے بھارت کے شمال مغربی علاقوں میں گرمی کی تازہ لہر کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ یوکرین نے روسی افواج کے دباؤ کے نتیجے میں خارکیف کے سرحدی علاقے سے اپنی فوجیں واپس بلالی ہیں۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، گواہاٹی میں راجستھان رائلس اور پنجاب کنگس کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

(Music)

---

اب خبریں تفصیل سے

**Campaign**

مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنماؤں نے آج لوک سبھا انتخابات کے پانچویں، چھٹے اور ساتویں مرحلے کیلئے پارٹی اور اتحاد کے امیدواروں کی حمایت کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لیا۔ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج مہاراشٹر کے ناسک ضلع میں Dindori کے مقام پر ایک چناؤ ریلی سے خطاب کیا۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ملک نے کووڈ وبا کے حالات کے دوران جس طرح کام کیا، اُس کی تعریف دنیا بھر میں ہوئی۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ خطے میں حفظانِ صحت کی سہولیات تک رسائی فراہم کرنے کیلئے

ناسک کے گاؤوں میں 600 سے زیادہ آیوشمان آروگیہ مندر اور کئی جَن اوشدھی مراکز قائم کیے گئے۔ وزیر اعظم مودی نے کلیان میں بھی ایک ریلی سے خطاب کیا۔

اِس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ وہ ایک ایسی بنیاد قائم کرنا چاہتے ہیں جو 2047 کیلئے ملک کے خواب کو رفتار فراہم کرے گی۔

2100- PM- Kalyan Rally

بعد میں وزیر اعظم نے ممبئی میں ایک روڈ شو کیا۔

مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سینئر رہنما امت شاہ نے زور دے کر کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کی سرکار، پاکستان کے انتظام والے جموں وکشمیر کو واپس لینے کے تیئں پوری طرح عہد بستہ ہے۔ مغربی بنگال میں ہُگلی کے مقام پر ایک چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ پاکستان کے انتظام والے جموں وکشمیر کے لوگ مظاہرہ کر رہے ہیں اور وہ پاکستان سے آزادی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

2100- Amit Shah- POJK

اڈیشہ میں تین اہم سیاسی پارٹیوں، کانگریس، BJP اور بیجو جنتا دل نے ریاست میں باقی مرحلوں کے لوک سبھا انتخابات اور اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم تیز کر دی ہے۔ کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی نے آج بالن گیر کے مقام پر ایک بائک ریلی میں شرکت کی اور عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ جناب گاندھی نے اعتماد ظاہر کیا کہ آئی این ڈی آئی اتحاد، 4 جون کو عام انتخابات کے نتائج کے اعلان کے بعد مرکز میں حکومت تشکیل دے گا۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنماؤں اور سرکردہ شخصیات نے اترپردیش میں آج چناؤ مہم میں شرکت کی۔ BJP کے سینئر رہنما راج ناتھ سنگھ نے موہن لال گنج پارلیمانی حلقے سے پارٹی کے امیدوار اور مرکزی وزیر کوشل کشور کی حمایت کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لیا۔BJP کے سینئر رہنما اور اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی ہمیر پور پارلیمانی حلقے میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ جب سے BJP اقتدار میں آئی ہے، تب سے بدعنوانی اور ناقص نظم ونسق کا کوئی معاملہ سامنے نہیں آیا ہے۔

دوسری طرف بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی نے بندیل کھنڈ خطے میں واقع باندہ پارلیمانی حلقے کے Atarra علاقے میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ محترمہ مایاوتی نے BJP کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ ملک کے عوام بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری سے تنگ آچکے ہیں۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے بلرام پور ضلعے کی Gainsadi اسمبلی حلقے میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کیا۔ اِس اسمبلی حلقے میں چھٹے مرحلے کے تحت ضمنی انتخابات ہو رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ BJP سرمایہ داروں کیلئے کام کر رہی ہے۔کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے، ہماچل پردیش کے وزیر اعلیٰ سُکھویندر سُکھو اور کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے آج راہل گاندھی کیلئے رائے بریلی میں چناؤ مہم میں حصہ لیا۔ اس سے قبل لکھنؤ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ 2024 کے انتخابات، آئین اور جمہوریت کو بچانے کیلئے بے حد اہم ہیں۔

2100- Kharge-LKN Press Conf

**Baramullah Constituency Profile**

مرکز کے زیر انتظام جموں وکشمیر میں پانچ میں سے تین پارلیمانی حلقوں میں اب تک پہلے چار مرحلوں میں پولنگ مکمل ہوچکی ہے۔ پانچویں مرحلے کے تحت کشمیر ڈویژن میں واقع بارہمولہ پارلیمانی حلقے میں اِس مہینے کی 20 تاریخ ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس کیلئے چناوٴ مہم زور و شور سے جاری ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..........................

**VC - Sunil Koul**

بارہمولہ پارلیمانی حلقہ شمالی کشمیر کے تین اضلاع بارہمولہ، کپواڑہ اور باندی پورہ اور وسطی کشمیر کے ضلع بڈگام کے کچھ حصوں میں پھیلا ہوا ہے۔ حالیہ حد بندی کے بعد بڈگام اور Beerwa اسمبلی حلقوں کو بارہمولہ پارلیمانی حلقے کے ساتھ منسلک کردیا گیا ہے۔ کُل 17 لاکھ 32 ہزار 459 رائے دہندگان ہیں۔ اس میں 8 لاکھ 73 ہزار 171 مرد اور 8 لاکھ 59 ہزار 255 خواتین ووٹرز ہیں جو پانچویں مرحلے میں 20 مئی کو اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کے اہل ہیں۔ الیکشن کمیشن نے پورے حلقے میں 2 ہزار 103 پولنگ بوتھ قائم کئے ہیں۔x

بارہمولہ سے سنیل کول کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل خان

**Bihar Campagning**

بہار میں عام انتخابات کے پانچویں اور باقی مرحلوں کیلئے چناوٴ مہم جاری ہے۔ NDA اورعظیم اتحاد کے رہنما اپنی اپنی پارٹی کے امیدواروں کی حمایت کیلئے ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہے ہیں۔ BJP کے صدر اور پارٹی کے سرکردہ لیڈر جے پی نڈّا نے آج شیوہر پارلیمانی حلقے کے تحت مشرقی چمپارن ضلع میں واقع Sirona کے مقام پر ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ جناب نڈّا نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی، آندھراپردیش اور کرناٹک میں مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن فراہم کرکے باباصاحب بھیم راوٴ امبیڈکر کی سوچ کے خلاف کام کر رہی ہے۔ BJP کے صدر نے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے خوشامد پسندی اور ذات پات کی بنیاد پر کی جانے والے والی سیاست کو ختم کردیا ہے کیونکہ اُن کا عزم بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانا ہے۔

BJP کے ریاستی صدر سمراٹ چودھری اور چراغ پاسوان، اپیندر کشواہا سمیت NDA کے دیگر رہنماوٴں نے بھی NDA اتحاد کے امیدواروں کے حق میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔

عظیم اتحاد کی جانب سے کانگریس، RJD اور وکاس شیل انسان پارٹی VIP کے رہنما مختلف پارلیمانی حلقوں میں چناوٴ ریلیاں کر رہے ہیں۔ پٹنہ میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کانگریس کے ریاستی صدر اکھلیس پرساد سنگھ نے الزام لگایا کہ BJP معاشرے میں اختلاف پیدا کرنا چاہتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ فرقہ وارانہ سیاست کو آگے بڑھا رہی ہے۔x

**EC Poll Preparation**

بہار میں عام انتخابات کے پانچویں اور باقی مرحلوں کیلئے چناوٴ مہم جاری ہے۔ NDA اورعظیم اتحاد کے رہنما

اپنی اپنی پارٹی کے امیدواروں کی حمایت کیلئے ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہے ہیں۔ BJP کے صدر اور پارٹی کے سرکردہ لیڈر جے پی نڈّا نے آج شیوہر پارلیمانی حلقے کے تحت مشرقی چمپارن ضلع میں واقع Sirona کے مقام پر ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ جناب نڈّا نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی، آندھراپردیش اور کرناٹک میں مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن فراہم کرکے باباصاحب بھیم راؤ امبیڈکر کی سوچ کے خلاف کام کر رہی ہے۔ BJP کے صدر نے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے خوشامد پسندی اور ذات پات کی بنیاد پر کی جانے والے والی سیاست کو ختم کردیا ہے کیونکہ اُن کا عزم بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانا ہے۔

BJP کے ریاستی صدر سمراٹ چودھری اور چراغ پاسوان، اپیندر کشواہا سمیت NDA کے دیگر رہنماؤں نے بھی NDA اتحاد کے امیدواروں کے حق میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔

عظیم اتحاد کی جانب سے کانگریس، RJD اور وکاس شیل انسان پارٹی VIP کے رہنما مختلف پارلیمانی حلقوں میں چناؤ ریلیاں کر رہے ہیں۔ پٹنہ میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کانگریس کے ریاستی صدر اکھلیس پرساد سنگھ نے الزام لگایا کہ BJP معاشرے میں اختلاف پیدا کرنا چاہتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ فرقہ وارانہ سیاست کو آگے بڑھا رہی ہے۔x

## EC Andhra Pradesh

چناؤ کمیشن نے آندھرا پردیش کے چیف سکریٹری اور ڈائرکٹر جنرل آف پولیس کو پولنگ کے بعد بھڑکے تشدد پر قابو پانے میں انتظامیہ کی ناکامی کی وجوہات کی وضاحت کیلئے سمن جاری کیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ کمیشن اُنہیں کل ذاتی طور پر نئی دلّی آکر یہ وضاحت کرنے کو کہا ہے کہ مستقبل میں اس طرح کا کوئی واقعہ سرزد نہ ہو، اس کیلئے ان کی طرف سے کیا اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

آندھرا پردیش یں حالیہ چناؤ کے بعد ہوئے تشدد کا نوٹس لیتے ہوئے کمیشن نے آندھرا پردیش کے چیف سکریٹری اور DGP کو ہدایت جاری کی ہیکہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی بھی قیمت پر اس طرح کا تشدد نہیں ہونا چاہیے۔ اُس نے کہا کہ کمیشن اس بات پر بارہا زور دیتا رہا ہے کہ جمہوریت میں تشدد کی کوئی جگہ نہیں ہے۔x

## CAA Citizenship

شہریت ترمیمی قوانین 2024 کے نوٹیفکیشن کے بعد شہریت سے متعلق سرٹیفکیٹس کا پہلا سیٹ آج جاری کیا گیا۔ مرکزی داخلہ سکریٹری اجے کمار بھلّا نے نئی دلّی میں 14 درخواست دہندگان کو شہریت سے متعلق سرٹیفکیٹس سونپے۔ وزارت داخلہ کے مطابق ای-میل کے ذریعے متعدد دیگر درخواست دہندگان کو بھی ڈیجیٹل طور پر دستخط شدہ سرٹیفکیٹس جاری کئے جارہے ہیں۔ مرکزی داخلہ سکریٹری نے درخواست دہندگان کو مبارکباد دی اور شہریت ترمیمی قوانین 2024 کی اہم خصوصیات کو اجاگر کیا۔ اس کا اطلاع نامہ 11 مارچ 2024 کو جاری کیا گیا تھا۔ ضابطوں کے تحت 31 دسمبر 2014 کی تاریخ تک پاکستان، بنگلہ دیش اور افغانستان سے بھارت آنے والے ہندو، سکھ، جین، بدھسٹ، پارسی اور عیسائی فرقے سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے شہریت کیلئے یہ درخواست موصول ہوئے تھے۔x

**Shah CAA**

وزیر داخلہ امت شاہ نے شہریت ترمیمی قوانین 2024 کے تحت شہریت دینے کے فیصلے کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب شاہ نے اسے ایک تاریخی دن قرار دیتے ہوئے کہا کہ آج کئی دہائیوں کا انتظار ختم ہوا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہندو، سکھ، بدھ، جین، پارسی اور عیسائی بھائی بہن جو مذہب کی بنیاد پر ظلم وستم کی وجہ سے پاکستان، بنگلہ دیش اور افغانستان سے بھارت آئے تھے انھیں بھارتی شہریت ملنا شروع ہوگئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ آج NDA سرکار نے آزادی کے وقت کئے گئے وعدے کو پورا کیا ہے۔x

**Rev BJP EC**

پارٹی لیڈروں اور مرکزی وزراء ایس جے شنکر، جی کشن ریڈی، ارجن رام میگھوال اور راجیو چندر شیکھر پر مشتمل BJP کے ایک وفد نے کانگریس اور آئی این ڈی آئی اے اتحاد کے رہنماؤں کے ذریعے مثالی ضابطہ اخلاق کی مبینہ خلاف ورزی کے سلسلے میں انتخابی کمیشن سے آج ملاقات کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وفد نے انتخابی کمیشن کے سامنے 22 ایسی مثالیں پیش کیں اور مذکورہ رہنماؤں کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ وفد نے بھارتی مسلح افواج کے خلاف کانگریس رہنما راہل گاندھی کے مبینہ قابل اعتراض تبصرے کے سلسلے میں ان کے خلاف ایک شکایت درج کی۔

S/B 2100 S Jaishankar

**Jharkhand ED Arrest**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے آج جھارکھنڈ کے دیہی ترقیات کے وزیر عالمگیر عالم کو کالے دھن کو جائز بنانے کے قانون کے تحت دوسرے روز چھ گھنٹے کی پوچھ تاچھ کے بعد گرفتار کرلیا۔ جناب عالم کو 35 کروڑ روپئے سے زائد کی نقد رقم برآمد ہونے کے بعد مبینہ ٹینڈر کمیشن گھوٹالے کے سلسلے میں گرفتار کیا گیا ہے۔ عالمگیر کو اِس معاملے میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے 12 مئی کو سمن جاری کیا تھا اور کل سے ED حکام اُن سے پوچھ تاچھ کر رہے ہیں۔ اس سے پہلے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے پانچ اور چھ مئی کو رانچی میں متعدد مقامات پر چھاپے مارے تھے۔ عالمگیر عالم کے پرسنل سکریٹری سنجیو لال کے گھریلو ملازم جہانگیر عالم کے ٹھکانے سے 35 کروڑ روپئے سے زیادہ کی نقد رقم ضبط کی گئی تھی۔ مرکزی تحقیقاتی ایجنسی ED پہلے ہی سنجیو لال اور گھریلو ملازم جہانگیر عالم کو ریمانڈ پر لے چکی ہے۔x

**IMD Weather**

بھارتی محکمۂ موسمیات نے راجستھان، اترپردیش، پنجاب اور ہریانہ سمیت شمال مشرقی بھارت میں کل سے ایک بار پھر گرم لُو کے جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے جو کہ اس ماہ کی 18 تاریخ تک برقرار رہے گی۔
اس نے مزید کہا کہ ساحلی مہاراشٹر اور گوا میں آج تک اور گجرات میں کل تک گرم اور مرطوب موسم جاری رہے گا۔محکمۂ موسمیات نے مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، اڈیشہ اور گجرات میں آج تیز آندھی اور گرج چمک کے

ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ x

**Ukraine Russia**

یوکرین نے روسی افواج کے مسلسل دباؤ کے بعد خارکیف کے سرحدی علاقے کے متعدد گاؤں سے اپنی فوجیں واپس بلالی ہیں۔ یوکرین کے فوجی ترجمان نے کہا کہ Lukyantski اور Vovchansk علاقوں سے فوجیوں کو منتقل کرنے کا فیصلہ نقصانات سے بچنے کیلئے کیا گیا ہے۔ دوسری جانب روس نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس کی افواج نے جنوبی Zaporizhzhia کے علاقے میں واقع Robotyne گاؤں کے ساتھ ساتھ خطے کی دو اضافی بستیوں Lukyantski اور Hlyboke پر اپنا کنٹرول حاصل کرلیا ہے۔ یوکرین کے صدر Volodymyr زیلنسکی نے بیرون ملک کے اپنے تمام دورے کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے کیونکہ یوکرین کی افواج صورتحال پر قابو پانے کیلئے سخت مشقت کر رہی ہے۔

ایک متعلقہ پیشرفت میں کیف کے اپنے دورے کے دوران امریکہ کے وزیر خارجہ اینٹنی بلنکن نے یوکرین کی جنگ کی کوششوں میں حمایت کیلئے مزید دو بلین ڈالر کی فوجی امداد کا اعلان کیا ہے۔ یہ امداد امریکی کانگریس کی طرف سے گذشتہ مہینے 61 بلین امریکی ڈالر کا امدادی پیکیج منظور کرنے کے چند ہفتوں بعد سامنے آئی ہے۔x

**IPL Cricket**

IPL کرکٹ میں، گواہاٹی کے Barsapara کرکٹ اسٹیڈیم میں، راجستھان رائلس اور پنجاب کنگس کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔ راجستھان رائلس نے پنجاب کنگس کے سامنے جیت کیلئے 145 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے پہلے راجستھان رائلس نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ راجستھان رائلس فی الحال پوائنٹس ٹیبل میں 16 پوائنٹ کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔ راجستھان رائلس کو پلے آف میں اپنی جگہ محفوظ کرنے کیلئے صرف ایک جیت درکار ہے۔x

**NIA Espionage**

قومی جانچ ایجنسی NIA نے آج حیدرآباد جاسوسی معاملے میں کرناٹک کے میسورو سے ایک ملزم نورالدین کو گرفتار کیا ہے۔ اِس معاملے میں سری لنکا کا ایک شہری اور پاکستان کا ایک شہری شامل ہے۔ NIA کے مطابق نورالدین پر پانچ لاکھ روپئے کا نقد انعام رکھا گیا تھا۔ قومی جانچ ایجنسی نے اُس کے گھر کی بھی تلاشی لی اور موبائل فون، لیپ ٹاپ، پین ڈرائیو اور ڈرون سمیت کئی قابل اعتراض چیزیں برآمد کیں۔ NIA کے تفتیش کاروں نے انکشاف کیا ہے کہ نورالدین اس معاملے میں ملزم پاکستانی شہری کی ایما پر جعلی بھارتی کرنسی کے ذریعے ملک مخالف جاسوسی کی سرگرمیوں کی مالی اعانت کرنے میں ملوث تھا۔x

## India UAE

قونصلر معاملات سے متعلق بھارت اور متحدہ عرب امارات کی مشترکہ کمیٹی کی پانچویں میٹنگ کل نئی دلّی میں منعقد کی گئی۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ دونوں ملکوں نے محنت، ویزا، مائیگریشن، شہریت اور وطن واپس بھیجنے جیسے امور کو محیط قونصلر معاملات پر باہمی اشتراک اور تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے طور طریقوں پر وسیع تبادلہ خیال کیا۔ متحدہ عرب امارات کے وفد نے UAE میں بھارت کے ورکروں کی فلاح وبہبود کو یقینی بنانے کیلئے حکومت کے ذریعے کئے گئے متعدد اقدامات کے بارے میں تفصیلی جانکاری فراہم کی۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ دونوں فریقوں نے شہریوں پر مرکوز قونصلر میکنزم پر مسلسل کام کرنے کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

دونوں فریقوں نے بڑے پیمانے پر عوام سے عوام کے رابطے کو فروغ دینے نیز مائیگریشن اور موبیلیٹی سے متعلق معاہدوں کو جلد مکمل کرنے کیلئے ویزا کی سہولت سمیت باہمی مفادات کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا۔x

## Bharat Pavilion Conncs Festval

اطلاعات و نشریات کی وزارت کے سکریٹری سنجے Jaju نے فرانس اور Monco میں بھارت کے سفیر جاوید اشرف کے ساتھ آج فرانس میں Cannncs-2024 میں بھارت پویلین کا افتتاح کیا۔

بھارت پہلی مرتبہ Cannes Film فیسٹول میں بھارت پَر و کی میزبانی کر رہا ہے۔

Cannes میں بھارت پویلین، بھارتی فلم برادری کو مختلف سرگرمیوں میں حصہ لینے کیلئے ایک پلیٹ فارم مہیا کرے گا۔ اس میں فلم سازی میں شراکت داری کو فروغ دینا، معلوماتی اجلاس کے مواقع فراہم کرنا، Distribution سے متعلق معاہدوں پر دستخط کرنا، Business to business میٹنگ اور دنیا بھر سے entertainment اور میڈیا کی سرکردہ شخصیتوں کے ساتھ روابط استوار کرنا شامل ہے۔

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ڈیزائنگ احمد کے ذریعے ڈیزائن کردہ بھارت پویلین کی اس سال کی تھیم 'بھارت میں آ کر فلم سازی کو فروغ دینا' x

☆☆☆☆☆☆☆